



”اے فرزند روح! میری پہلی نصیحت یہ ہے کہ تو ایک خالص، نیک اور روشن دل کا مالک بن۔۔۔“




”انصاف کی راہ پر چلو کیو نکہ یقیناً یہی سید ھی راہ ہے۔“



"اے دوست! اپنے دل کے باغ میں محبت کے پھولوں کے سوا اور کچھ نہ بو۔۔"



''سچائی تمام انسانی خوبیوں کی بنیاد ہے۔''




''سخاوت و بخشش میری صفات ہے مبارک ہے وہ انسان جو میری صفات کے زیور سے خود کو آراستہ کرتا ہے۔''



”خوش بخت ہے وہ شخص جو اپنے بھائی کو خود پر ترجیح دیتا ہے۔“



"اے فرزند انسان! اپنے دلی سرور سے مسرور ہو تا کہ تُو میری ملاقات کے قابل ہو جائے اور میرے جمال کو منعکس کر سکے۔"



”ہمیں ہر دم اپنی سچائی اور خلوص ظاہر کرنا چاہیے۔“



''اے انسان کے بیٹے! میرے سامنے فروتنی اختیار کرتا کہ میں تیری تواضع کروں۔''



”تم خوش رہو۔ تم شکر گزار بنو۔ خدا کی بارگاہ میں شکرانہ ادا کے لیے اُٹھ کھڑے ہو تاکہ تمہاری شکر گزاری عنایات کو بڑھانے میں مددگار ہو سکے۔“



”۔۔۔معافی اور رحم نیز اُس چیز کو اپنی آرائش بناؤ جو خدا کے پسندیدہ بندوں کے دلوں کو مسرور کرتی ہے۔“



”اے قوم تم اپنی زبانوں کو سچائی سے زینت دو اور اپنے نفوس کو دیانت داری کے زیور سے سجاؤ۔“



”خدا کی بادشاہت عدل وانصاف پر نیز ہر زندہ روح سے رحم، ہمدردی اور مہربانی پر قائم ہے۔“




”جان لے کہ تیری حقیقی آرائش خدا کی محبت اور اس کے ماسوا سے انقطاع پر مشتمل ہے۔۔۔“




”ہر عظمت کا منبع مالک نے جو کچھ بھی عطا کیا ہے اسے قبول کرنا اور خدا نے جو مقرر کیا ہے اسے قناعت کرنا ہے۔“



”مبارک ہے وہ شخص جو سب لوگوں کے ساتھ انتہائی محبت و شفقت سے معاشرت کرتا ہے۔“



”قوت و ہمت کا منبع کلامِ الٰہی کی ترویج اور خدا کی محبت پر ثابت قدمی ہے۔“




”کبھی بھی خدا پر بھروسہ مت چھوڑو۔ ہمیشہ پُرامید رہو کیونکہ خدا تعالیٰ کی عنایات انسانوں پر برسنے سے کبھی بھی نہیں رُکتیں۔“



”امانتداری لوگوں کی راحت واطمینان کا عظیم ترین دروازہ ہے۔“



”اے لوگو! محبت اللہ کی حرارت سے شعلہ ور ہو جاؤتا کہ تم دوسروں کے دلوں کو بھی شعلہ ور کر سکو۔“




”اے فرزندِ وجود! تُو میرا فانوس ہے اور میرا چراغ تیرے اندر ہے۔ اس سے روشن ہو اور میرے سوا کسی کی طلب نہ کر۔“



”کامیاب ہے وہ وفادار جو سخت جدوجہد کی پوشاک سے آراستہ ہے اور امر اللہ کی خدمت کے لئے کھڑا ہو گیا ہے۔“



''بیشک خدا اُن کا اجر بڑھا دے گا جو صبر سے برداشت کرتے ہیں۔''



''تیرا مقام انتہائی بلند ہو گا اگر تُو اپنے ربّ کے امر میں ثابت قدم رہے گا۔''